12/08/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سنجو کمار سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*....... جموںو کشمیر کے مختلف علاقوں میں آج حب الوطنی اور قومی یکجہتی کے جذبے کے ساتھ کیا گیا ترنگا ریلیوں کا انعقاد۔

*.......جموںو کشمیر، وزیر اعظم نریندر مو دی کی قیادت میں شمولیاتی ترقی کی ایک نئی راہ پر گامزن// ایل جی منوج سنہا۔

*....... وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا سماج کے سبھی طبقوں پر سکیولر ازم اور بھائی چارے جیسی روایات کی پاسداری کرنے پر زور۔

اور

*.......چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جھیل ڈل میں منعقد ہونے والے کھیلو انڈیا واٹر سپورٹس فیسٹول کی تیاریوں کا لیا جائزہ ۔

ترنگا ریلیاں

جموںو کشمیر کے مختلف اضلاع میں آج حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ ترنگا ریلیوں کا انعقاد کیا گیا جن میں زندگی کے مختلف طبقہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوںنے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔سرینگر مینجھیل ڈل سے باٹنیکل گارڈن تک سب سے بڑی ترنگا ریلی کا انعقاد کیا گیا۔

ترنگاLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں جموںو کشمیر شمولیاتی ترقی کے ایک نئے دور میں داخل ہوا ہے اور جموںو کشمیر کے لوگ خود اعتمادی اور نئے بھروسے کے ساتھ اپنی تقدیر لکھ رہے ہیں اور اپنے خوش نما خوابوں کو شرمندہ تعبیر کر رہے ہیں۔

جھیل ڈل کے کنارے پر آج ترنگا ریلی کی جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے بعد ایل جی نے خود بھی باٹنیکل گارڈن تک اس ریلی میں حصہ لیا۔ اس ریلی میں کا فی تعداد میں نوجوانوں ، عام لوگوں، مختلف محکموں کے ملازمین، جموںو کشمیر پولیس کے اہلکاروں اور دیگر حفاظتی عملے نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ۔

ایل جی نے ان سبھی کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ یوٹی میں بڑی پیمانے پر ترنگا ریلیوں سے امن اور قومی یکجہتی کے جذبے کو تقویت حاصل ہو تی ہے۔

ترنگاCM

اس ترنگا ریلی میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی شرکت کی۔اس موقعے پر انہوننے قومی ترنگا کے یکجہتی، امن اور آپسی رواداری کے پیغام کو اُجاگر کیا ۔ انہوننے کہا کہ ہمارا قومی جھنڈا ملک میں کثرت میں وحدت کی عکاسی کر تا ہے۔ انہوننے سبھوں پر زور دیا کہ وہ سکیولر ازم اور بھائی چارے جیسی روایات کی پاسداری کریں۔

اس ترنگا ریلی میں کا بینی وزراءسکینہ ایتو، جا وید رانا، جا وید احمد ڈار، جمونو کشمیر وقف بورڈکی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو، ڈی جی پی نلین پربھات، پرنسپل سیکریٹری داخلہ چندرا کر بھارتی اور کئی دیگر اعلیٰ افسران نے بھی شرکت کی۔

ضلع ریلیاں

کولگام مینضلع ترقیاتی کمشنر اطہر عامر خان اور ایس ایس پی ساحل سرانگل کی قیادت میں ترنگا ریلی کا اہتمام کیا گیا۔

بڈگام میں ترنگا ریلی کی قیادت ڈی سی ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ اور ایس ایس پی نکھل بور کر نے کی۔

پلوامہ میں بھی ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بشارت قیوم اور ایس ایس پی پی ڈی نتیاکی قیادت میں ایک ترنگا ریلی منعقد کی گئی۔

اشوک ترنگا

بی جے پی جمونو کشمیر کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول کی قیادت میں آج بشنا میں ایک ترنگا ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ اس ریلی میں پارٹی کے کئی دیگر لیڈروں نے شرکت کی۔ اُدھر پارٹی کی طرف سے پونچھ میں بھی ایک بڑی ترنگا ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں لوگوں نے بڑھ چڑھ کر شرکت کی۔

پولیس ترنگا

پولیس کی طرف سے بھی آج ہندوارہ ، گاندربل اور اونتی پورہ میں بڑی ترنگا ریلیوں کا انعقاد کیا گیا جن میں پولیس کے اعلیٰ افسروں کے علاوہ سماج کے مختلف طبقوں کے لوگوں نے شرکت کی۔

ست شرما

بی جے پی کی طرف سے آج اکھنور ضلعے کے کھوڑ علاقے میں ایک بڑی ترنگا ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ بی جے پی جموں وکشمیر کے صدر ست شرما ، ایم ایل اے موہن لال بھگت اور کئی دیگر لیڈروں نے اس میں حصہ لیا۔ اس موقعے پر ست شرما نے کہا کہ ترنگا صرف ہمارا قومی جھنڈا نہیں ہے بلکہ یہ ملک کی یکجہتی ، افتخار اور قربانی کی ایک عظیم نشانی ہے۔

سانبہ ریلی

بھارتیہ جنتا پارٹی کی طرف سے سانبہ ضلعے کے سمب منڈل میں بھی پارٹی کے نائب صدر راجیو چاڑک کی صدارت میں ایک ترنگا ریلی کا انعقاد کیا گیا۔

کانگریس

پردیش کانگریس کمیٹی ضلع پلوامہ سے تعلق رکھنے والے کئی لیڈروں اورکارکنوں نے آج سرینگر میں پارٹی ہیڈ کواٹر پر جا ری بھوک ہڑتال میں شرکت کی۔ واضح رہے کہ پردیش کانگریس کے کارکن جموںو کشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرانے کے حق میں11روزہ بھوک ہڑتال پر ہیں۔

سائیکلLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج سرینگر میں اُن79سائیکل سواروں کی عزت افزائی کی ۔ جنہوننے باڈر شریشٹھ بھارت ریلی میں شرکت کی۔ ,Pedal for Ek Bharatسکیورٹی فورس کی طرف سے منعقد کی گئی اس ریلی کا انعقاد79ویں یوم آزادی دن تقریبات کے سلسلے میں کیا گیا تھا۔ اس سائیکل سواروں نے79کلو میٹر کے اُن جوانوں اور افسروں کو خراج عقیدت ادا کیا جنہوننے مادر BSFمسافت طے کی ہے۔ لیفٹنٹ گورنر نے بی ایس ایف کشمیراشوک یادو اور کئی دیگر افسران بھی IGوطن کے تحفظ کو یقینی بنانے میں اہم رول ادا کیا۔ اس موقعے پر موجود تھے۔

عمر شالیمار

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سرینگر میں تاریخی شالیمارمغل باغ میں ہو رہے بحالیاتی کام کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہوں نے تجدیدی کام جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایات دیں۔ انہوننے کہا کہ باغ کی سیر کرنے والوں کےلئے ہر طرح کی سہولیات دستیاب کرانے کے ساتھ ساتھ باغ کے ثقافتی ورثے کو محفوظ رکھنے کی طرف توجہ مرکوز کی جانی چاہئے۔ انہوں نے پنک پوولین، رانی محل اور بلیک پوولین کا معائنہ کیا۔

واضح رہے کہ شالیمار باغ سمیت 6مغل باغات کو یونیسکو کی ورلڈ ہیرٹیج سائٹس کے عبوری لسٹ میں شامل ہے۔

عمر سکاسٹ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی شالیمار میں زرعی کار خانہ داروں سے بات چیت کی۔ انہوننے ان کار خانہ داروں کی اختراعیت کی ستائش کر تے ہوئے زرعی شعبے کو ترقی کی بلندیوں تک پہنچانے میں ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

وزیر اعلیٰ نے جموں وکشمیر کے زراعت اور اس سے منسلک شعبوں میں خود کفالت پر زور دیا تاکہ یوٹی کی معیشت کو فروغ ملنے کے ساتھ ساتھ روزگار کے مواقعے بھی پیدا کئے جاسکے۔

اور ہارٹیکلچر Veterinary Assistant Surgeons انہوننے اس موقعے پر نئے منتخب کئے گئے ڈیولپمنٹ افسروں میں تقرری کے آرڈر تقسیم کئے۔

تقریب پر ایگریکلچرل پروڈکشن ڈیپارٹمنٹ کے پرنسپل سیکریٹری شیلندر کمار ،سکاسٹ کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی ، ڈائریکٹر ایکسٹنشن پروفیسر رئیحانہ حبیب کنٹھ اور دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

رحیم راتھر

ہوسٹل سرینگر کا دورہ کر کے وہاں جا ری ترقیاتی MLA قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے آج اور تجدیدی کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوننے عمل آوری ایجنسیوں پر زور دیا کہ وہ کاموں کے معیار کو برقرار رکھتے ہوئے ان کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔

ستیش شرما

انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما نے ملک میں مثبت تبدیلی لانے میں نوجوانوں کے رول کو اُجاگر کیاہے۔ سکمز صورہ میں آج منعقدہ وِکست بھارت یُوا کنٹک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہا کہ موجودہ حکومت نوجوانوں کو با اختیار بنانے کےلئے کئی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوننے صحت شعبے میں سکمز کے بے مثال کام کی تعریف کی۔ اس موقعے پر سکمز کے ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی اور کئی دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔

وقفہ

باقی خبروں سے پہلے یہ وقفہ

اشتہار

---

اب پیش ہیں باقی خبریں

فوڈ سیفٹی

فوڈ سیفٹی محکمہ وادی میں لوگوں تک کھانے پینے کی معیاری چیزیں پہنچانے اور بازاروں میں گلے سڑے گوشت ، اس سے بنی چیزیں اور دیگر اشیائے خوردنی کی چیکنگ کرنے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کر رہا ہے اور اس مسئلے کا قلع قمع کرنے کےلئے محکمہ نے سماج کے سبھی طبقوں کا تعاون طلب کیا ہے۔

اس حوالے سے فوڈ سیفٹی محکمہ کشمیر کے اسسٹنٹ کمشنر ہلال احمد میر نے ہمارے نمائندے سہیل بٹ کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلیکشن نیوز آن

دستکاری

وادی میں دستکاری شعبے کو فروغ دینے کی غرض سے مرکزی سرکار نے بڈگام ضلعے کے سونہ پاہ علاقے میں10کروڑ روپے کی لاگت سے ایک کرافٹ ٹور ازم ویلیج قائم کرنے کو منظوری دی ہے۔ٹیکسٹائل کی مرکزی وزارت نے اس ضمن میں ساڑھے 4 کروڑ روپے کی پہلی قسط بھی واگذار کی ہے۔

اس پیش رفت کے بارے میںمحکمہ ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈ لوم کے ڈائریکٹر مُسرت اسلام نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

عالمی دن

آج نوجوانوں کا بین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے۔ آج کے دن زندگی کے مختلف شعبوں میں نوجوانوں کے کلیدی رول کو اُجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں درپیش معاملات پر بھی سیر حاصل تبادلہ خیال کیا جا رہا ہے۔ اس دن کی مناسبت سے ملک بھر میں تقاریب کا انعقاد کیا گیا۔ میرنڈا ہاوس دلی یونیورسٹی میں امور نوجوان اور کھیل کود کی طرف سے یہ دن منانے کے سلسلے میں ایک تقریب منعقد کی گئی۔ اس دن کی اہمیت کے بارے میں یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس جے اینڈ کے ،کی ڈائریکٹر جنرل انورادھا گپتا نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جھیل ڈل میں21اگست سے23اگست تک منعقد ہونے والے کھیلو انڈیا واٹر سپورٹس فیسٹول کے پہلے شمارے کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوںنے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ اس سپورٹس فیسٹول کو کامیاب بنانے کےلئے باہمی تال میل کے ساتھ کام کریں۔ اس موقعے پر بتایا گیا کہ28ریاستوں سے تعلق رکھنے والے800کھلاڑی ان مقابلوں میں شرکت کر رہے ہیں۔

جتیندر سنگھ

سکیم کی تعریف کر تے ہوئے اس **Svamita** سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے سے عوام دوست گورننس کا ایک عالمی ماڈل قرار دیا ہے۔ نئی دلی میں سروے آف انڈیاکی ایک میٹنگ سے خطاب کر تے ہوئے انہوںنے کہا کہ یہ سکیم عام شہریوں کو با اختیار بنانے میں کا فی مدد گار ثابت ہو رہی ہے۔

**SIA**

پولیس ہیڈ کواٹر سے جا ری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ

نے پولیس سٹیشن نگین سرینگر میں درج ہلاکت کے ایک کیس کی **State Investigation Agency** تحقیقات کے سلسلے میں سرینگر ضلعے کے8مقامات پر تلاشی کاروائیاں عمل میں لائیں اور کچھ شواہد ضبط کئے ہیں۔

ترون چگ

بی جے پی قومی جنرل سیکریٹری اور جمونو کشمیر بی جے پی کے پربھاری ترون چگ نے کہا ہے کہ قتل کے کی حالیہ کاروائی سے یہ بات ظاہر ہوجاتی ہے کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی سربراہی والی **SIA**ایک معاملے حکومت انصاف اور جواب دہی کو یقینی بنانے کےلئے پُر عزم ہے۔

طاہر چودھری

بی جے پی جمونوکشمیر کے ترجمان ڈاکٹر طاہر چودھری نے پارلیمنٹ کی کاروائی میں رخنہ ڈالنے کےلئے کانگریس پارٹی کی نکتہ چینی کی ہے۔

BJP

بی جے پی کے قومی سیکریٹری ڈاکٹر نریندر سنگھ اور کئی دیگر لیڈروں نے آج جموں میں ایک عوامی در بار کا انعقاد کیا گیا جس دوران انہوننے لوگونکے مسائل بارے میں جانکاری حاصل کی۔ انہوننے لوگوں کو یقین دلایا کہ اُجاگر کئے گئے تمام مسائل کو حل کیاجائے گا۔

NCتعزیت

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے زبر ون کالونی حیدر پورہ جا کر وہاں معروف صحافی فیاض احمد کلو کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ انکی ہمشیرہ چند روز پہلے انتقال کر گئیں تھیں۔

ACB

جموں وکشمیر نے تحصیل دفتر کھاگ بڈگام کے اُس وقت کے ناظر فیاض الدین شورا کے خلاف رشوت ACB خوری کے ایک کیس میں چارج شیٹ داخل کی ہے۔

ورکشاپ

فاؤنڈیشن اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی طرف سے آج اختراع کاروں کےلئے CIED-IUST فائنانشل لٹریسی سے متعلق ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ انسٹی چیوٹ آف چارٹرڈ اکاونٹس آف انڈیا کے صدر چرن جوت سنگھ نندا نے اس موقعے پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی جبکہ -CIED پروفیسر پرویز احمد میر کے علاوہ کئی دیگر اہم شخصیات بھی ورکشاپ میں موجود CEOفاؤنڈیشن کےIUST تھیں۔

مارتند

چکا ناڈی مارتند مٹن مندر میں شیو پریوار کے پران پرتشٹھا سمارو کی افتتاحی تقریب کے موقعے پر منعقدہ خصوصی پوجا میں آج کا فی تعداد میں پنڈت برداری کے لوگوں نے شرکت کی ۔ انہوننے ملک میں امن ، ترقی اور خوشحالی کےلئے خصوصی دعائیں مانگیں۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں ایک سرکاری ملازم محمد عباس میر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

مو سم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33اعشاریہ4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت23اعشاریہ6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 27 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر51 منٹ پر اور

غروب آفتاب شام7بجکر20منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

.....................................

.........................

.........